تحقیقاتِ اسلامی (سہ ماہی) ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی کا سہ ماہی ترجمان۔ ایڈیٹر سید جلال الدین عمری۔ پتہ: پان والی کوٹھی۔ دودھ پور۔ علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱ (انڈیا)۔ چندہ سالانہ بھارت سے ۲۵/- روپے۔ پاکستان سے ۱۰۰/- روپے۔

بھارت میں مسلمانوں کو جہاں ہولناک آزمائشوں کا سامنا ہے، وہاں ناسازگار حالات نے ان کی خاص خاص قوتوں اور صلاحیتوں کو اُبھار دیا ہے۔ وہ بعض ایسے کام کر رہے ہیں جو آزاد مسلم ممالک میں شروع نہیں ہو سکے۔ مثلاً علی گڑھ ادارۂ تحقیق و تصنیفِ اسلامی قائم کیا گیا ہے جس کے تحت متعدد روشن دماغ حضرات تحقیقی کاوشوں میں مصروف رہتے ہیں۔ مثلاً اس وقت جو شمارہ (کتب زیرِ) ہیں شامل ہے (جولائی — ستمبر ۱۹۸۶ء) اس میں "امام غزالی کا تصوّف" (ڈاکٹر غلام نبی درلون) اور "اُردو میں تاریخ نگاری" (ڈاکٹر افتدار حسین صدیقی) دو تحقیقی مقالات شامل ہیں۔ بحث و نظر کے تحت "اسلام کا عقیدۂ توحید اور اس کے قرآنی دلائل" اور "مشترکہ خاندانی نظام اور اسلام" دو مضامین شائع کیے گئے ہیں۔ تنقید و تبصرہ کے زیرِ عنوان "صلاح الدین ایوبی کی ایک سوانح" — انگریزی کتاب: SALADIN — مؤلف: اینڈریو ایس اہرینکریٹس (EHRENKREUTS) پر پانچ صفحات میں تبصرہ کیا گیا ہے۔ حرفِ آغاز کے تحت ایڈیٹر صاحب نے "خدمتِ خلق کے چند پہلو" پر بصیرت افروز مضمون لکھا ہے۔

افکار و عمل مؤلفہ: عاصم نعمانی صاحب۔ ناشر: دارالاشاعت اعباب، گلاب مینشن، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور۔ کاغذ، طباعت، سرورق بہت اچھا۔ قیمت: ۱۸/- روپے

جناب عاصم نعمانی صاحب کئی سال سے جماعتِ اسلامی کی خدمت کر رہے ہیں۔ مولانا کے پرسنل سیکرٹری کی حیثیت سے ڈاک کو نمٹانے کے علاوہ مولانا کے ملاقاتیوں کے شوقِ ملاقات کا دباؤ بھی بڑی خوبی سے سہتے رہے ہیں۔ اب وہ منصورہ کی مرکزی تربیت گاہ کے انچارج ہیں۔ ایک عرصہ سے جو کچھ باہر سے آمدہ رفقاء کو بتایا سنایا جاتا ہے اس میں بھی حصہ دار ہیں اور کارکنوں کے اندر جس جس چیز کی طلب ہوتی ہے اس کو بھی خوب سمجھتے ہیں۔